© rasailojaraid.com


**۴..درس سیرت اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادات مبارکہ (حصہ سوم)**،مؤلف:مفتی طارق بشیر،
صفحات:۳۸۷،ناشر:بیت العلم ٹرسٹ ST-9E گلشن اقبال،کراچی۔

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ کتاب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مبارکہ پر مشتمل ہے اور اس سلسلے کی تیسری جلد ہے۔کتاب کے ٹائیٹل پر تعارفی عبارت ہے:

"سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اعلیٰ و پاکیزہ اخلاق، سید الکونین صلی اللہ علیہ وسلم کے جسمانی احوال ومبارک عادات اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی چوبیس گھنٹے کی زندگی کے متعلق پیاری پیاری سنتوں پر مشتمل ایک نایاب کتاب جس کے مطالعہ سے دلوں میں سنتوں پر عمل کا جذبہ پیدا ہوگا"۔

اپنے موضوع کے لحاظ سے یہ ایک مفید اور موثر کتاب ہے اور اس میں ہر بات کو حوالہ کے ساتھ نقل کرنے کا التزام کیا گیا ہے۔کتاب کی طباعت معیاری، ٹائیٹل دیدہ زیب اور کاغذ اعلیٰ درجے کا ہے۔

**۵..معجم مصطلحات الحدیث**،مؤلفین:سلیمان مسلم الحرش، حسین اسماعیل الجمل ،صفحات:۱۷۱،ناشر:دار احیاء اللغۃ العربیۃ، کراتشی،فون:۹۸۹۸۸۲-۰۳۰۰

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ کتاب اصول حدیث سے متعلق ہے اور اس میں حروف تہجی کے اعتبار سے اصول حدیث سے متعلق تمام مباحث ذکر کیے گئے ہیں۔حدیث اور اخبار وروایات اور اسی طرح راویوں کی مختلف قسمیں ہیں، ائمہ اصول حدیث نے ہر روایت اور راوی کی کیفیت اور رتبہ کو پیش نظر رکھتے ہوئے روایت حدیث میں ان کے مقام ومرتبہ کا تعین کیا ہے اور اسی کو بنیاد بنا کر صحت وسقم کا حکم لگایا ہے۔زیر نظر کتاب میں اصول حدیث کے ان تمام مباحث کو دو محققین نے مل کر قابل رشک تحقیق ومطالعہ کے بعد حروف تہجی کی ترتیب سے نہایت اختصار سے یکجا کیے ہیں۔اس میں مراجع ومصادر کے حوالوں کا بکثرت اہتمام کیا گیا ہے۔جس سے ان کے تحقیقی دائرہ کی وسعت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

کتاب کے آخر میں صحاح ستہ اور معاجم ومسانید کے مشہور مؤلفین کے مختصر تراجم بھی دیئے گئے ہیں۔یہ معجم اصول حدیث سے اشتغال رکھنے والوں کے لیے ایک اچھی سوغات ہے۔کتاب کی طباعت معیاری ہے۔

## ایک خط کا جواب:

اس مختصر رسالہ میں مروجہ فاتحہ خوانی، تیجہ، حیلہ اسقاط، میت کے گھر سے کھانا کھانے اور دیگر رائج الوقت بدعات سے متعلق مولانا نور اللہ رشیدی نے ایک استفسار کا مدلل جواب دیا گیا ہے۔یہ رسالہ مکتبہ اکابر علماء دیو بند کراچی (۳۸) نے شائع کیا ہے۔طباعت معیاری ہے۔

☆☆☆

© rasailojaraid.com